۱۷ر جنوری ۲۰۰۴ء بروز ہفتہ ۴۲ سال کی عمر میں ہوا تھا۔ زیر تبصرہ خصوصی اشاعت آں مرحوم کے تذکار سوانح حیات اور علمی و مطالعاتی زندگی سے متعلق ہے۔ حضرت مولانا سید صبا احسن صاحب ہندوستان کے صوبہ بہار کے سادات خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ تقسیم ہند کے بعد آپ کے خاندان نے کراچی ہجرت کی اور یہیں آباد ہوئے۔ آپ کے والد پی آئی اے میں اعلیٰ عہدے پر فائز تھے۔ اور ریٹائرڈ ہونے کے بعد اہل خانہ کے ساتھ امریکہ میں مقیم ہوئے۔ مولانا صبا احسن کی دین کے ساتھ شغف، محبت اور والہانہ تعلق نے مولانا مرحوم کو کراچی ہی میں قیام پر آمادہ کیا۔ اور آپ آخری دم تک جامعہ احسن العلومؒ میں درس وتدریس اور اپنے شیخ کی خدمت کرتے رہے۔

اللہ تعالیٰ نے مولانا سید صبا احسن کو دینی اور دینوی دونوں علوم سے نوازا تھا۔ دنیاوی علوم تو مولانا مرحوم کا گھریلو ورثہ تھا۔ مگر دینی علوم کی طرف آمد اور اپنے قدیم آبائی ورثہ کی تحصیل کے لئے شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا مفتی زرولی خان صاحب مدظلہ ہی سبب بنے۔ آپ کی مولانا مدظلہ سے گہری عقیدت تھی، اور رفتہ رفتہ اسی عقیدت نے شاگردی کی صورت اختیار کی اور آپ نے درس نظامی پڑھنے کا باقاعدہ فیصلہ کرلیا اور موقوف علیہ تک کتابیں آپ نے حضرت مفتی صاحب سے پڑھیں، پھر دورۂ حدیث کے لئے آپ جامعہ بنوری ٹاؤن تشریف لے گئے، فراغت کے بعد اپنے مادر علمی جامعہ احسن العلوم میں درس وتدریس کے فرائض سنبھالنے لگے۔ درس وتدریس کے ساتھ ساتھ آپ اعلیٰ درجے کے منتظم بھی تھے۔ اس خصوصی اشاعت میں ملک کے مشہور و معروف علماء کرام و اہل قلم حضرات نے آپ کی شخصیت کو بھرپور انداز میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سیرت وسوانح اور تاریخ کے ساتھ شغف رکھنے والوں کے لئے بالخصوص اور علماء وطلبہ کے لئے بالعموم ایک بہترین علمی سوغات ہے۔

طلبہ کیلئے تربیتی واقعات۔ تالیف : مولانا محمد ناصر درویش فاضل جامعہ فاروقیہ ضخامت: ۱۸۰ صفحات۔

قیمت : ۹۰/- روپے ناشر: مدرسہ بیت العلم گلشن اقبال کراچی۔ ملنے کا پتہ: دارالاشاعت اردو بازار کراچی

زیر تبصرہ کتاب کے بارے میں مولانا نورالبشر صاحب رقمطراز ہیں۔ مولوی محمد ناصر درویش سلمہ تعالیٰ نے زیر نظر کتاب مرتب فرما کر طلبہ برادری پر احسان فرمایا کہ ان کو مختلف اچھے واقعات کے ذیل میں نہایت ہی ہلکے پھلکے انداز میں علم اور اہل علم کی طرف متوجہ فرمایا، علم کے تقاضے بیان کئے، اہل علم کو کن اوصاف سے متصف ہونا چاہیے۔ ان کا سادہ انداز سے ذکر کیا۔ یہ کتاب کیا ہے، طلبہ کے لئے ایک خوبصورت گلدستہ ہے جس میں علم کی اہمیت اس کی قدر افزائی اس کے حصول کے راستہ میں محنت و مشقت وقت کی قدر و قیمت اساتذہ کی خدمت اساتذہ اور طلبہ کا احترام و ادب، اعمال صالحہ کی ترغیب حقوق العباد کی اہمیت اور ترک معاصی و اصلاح معاشرہ کے موضوع پر سینکڑوں واقعات کو بہترین انداز میں مرتب کر کے پیش کیا ہے۔ مؤلف کتاب کے بقول "علم کے حصول میں لگنے والے طلبہ اس نعمت پر اللہ تعالیٰ کے شکر گزار

بنیں، اور اس علم کے ذریعہ سے اپنے معبودِ حقیقی کی مرضیات کو معلوم کر کے ان پر علم پیراہوں اور منہیات سے پرہیز کریں، نیز حصول علم کیلئے جن آداب کا اہتمام کرنا ناگریز ہے، ان سے پہلوتہی اختیار نہ کریں۔ مثلاً علم کے حاصل کرنے کا مقصد اس کے حصول کیلئے محنت اور لگن، وقت کی اہمیت آلاتِ علم کا احترام، اساتذہ کی عظمت، اچھے اخلاق، ساتھیوں کے حقوق، والدین کی قدر نیک اعمال کا شوق، برے اعمال سے نفرت، فکر آخرت اور علم حاصل کرنے کے بعد ساری دنیا کے انسانوں تک اس دین کے علم کو پہنچانے کی فکر۔ ۱۸۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب خوبصورت کاغذ اور دیدہ زیب ٹائٹل اور جلد کی وجہ سے بہت خوشنما ہے، جیسا کہ معنوی لحاظ سے دلنشین۔ طلبہ علوم دینیہ کیلئے اس کتاب کا مطالعہ ازحد ضروری ہے

درس گاہ علم دین این جامعہ　　اشرفیہ از معارف [illegible]
یادگار مولوی معنوی　　مولوی اشرف علی تھانوی
اے خدا این جامعہ قائم بدار　　فیض او جاری [illegible]

فضلاءِ جامعہ اشرفیہ کا

ان شاء اللہ

ساٹھ سالہ (سہ روزہ) اجتماع

مورخہ 27 28 29 اپریل 2007ء بروز جمعہ، ہفتہ، اتوار

منعقد ہورہا ہے جس میں اندرون اور بیرون ملک سے ممتاز مذہبی، دینی اور علمی شخصیات شرکت کر رہی ہیں اس موقع پر جامعہ کے ساٹھ سالہ فضلاء کی دستار بندی کے ساتھ ساتھ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے فضلاء کو انعامات بھی دیئے جائیں گے۔ جامعہ کے سالِ تاسیس 1947ء سے لے 2006ء تک کے فضلاء سے فوری رابطے کی درخواست ہے تاکہ ان کے خورد و نوش اور رہائش کا بروقت نظم کیا جاسکے۔

والسلام

حافظ زبیر حسن
کنوینر۔ ساٹھ سالہ اجتماع
جامعہ اشرفیہ فیروزپور روڈ لاہور

برائے رابطہ:
فہیم الحسن تھانوی نائب کنوینر۔ ساٹھ سالہ اجتماع
موبائل: 0321-4119827

فون نمبر: 042-7552772 فیکس: 042-7552986
موبائل: 0321-4119827, 0300-8494782
ای میل: ummqura@brain.net.pk
ویب سائٹ: http://www.ashrafia.org.pk, al-islam.edu.pk
آن لائن سوال و جواب کیلئے: muftionline@hotmail.com